اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم جوتا پہننا، کنگھی کرنا، طہارت حاصل کرنا اور اپنے سبھی کاموں کو دائیں سے کرنا پسند کرتے تھے

امّ المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں: اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم جوتا پہننا، کنگھی کرنا، طہارت حاصل کرنا اور اپنے سبھی کاموں کو دائیں سے کرنا پسند کرتے تھے
[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم لائق تکریم کاموں کو دائیں جانب سے شروع کرنا پسند کرتے تھے مثلا : جوتا پہنتے وقت پہلے دائیں پاؤں میں پہننا، سر اور داڑھی کے بالوں کو کنگھی کرتے، سنوارتے اور تیل لگاتے وقت دائیں جانب سے شروع کرنا، وضو کے دوران دائیں ہاتھ اور دائیں پیر کو بائیں ہاتھ اور بائیں پیر پر مقدم رکھنا چاہیے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3018